21644 ـ عورت كا حجراسود كا بوسہ لينا

سوال

كيا عورت كےليے حجراسود كا بوسہ ليتے ہوئے اپنا چہرہ ننگا كرنا جائزہے حالانكہ اس كے قريب مرد بھی ہوتے ہيں ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

طواف كی سنتوں ميں حجراسود كا بوسہ لينا بھی ايك سنت مؤكدہ ہے ليكن شرط يہ ہے كہ بوسہ لينے ميں آسانی ہواوررسول كريم صلی اللہ عليہ وسلم كی اقتداء كرتے ہوئےآپ كے فعل سے كسی دوسرے كوكوئي تكليف نہ پہنچے اوربغير دھكم پيل كيے بوسہ ليا جائے ، ليكن اگربغير كسی كوتكليف ديے اوردھكم پيل كيے بوسہ لينا آسان نہ ہو تواسے ترك كركےہاتھ كے ساتھ اشارہ كرنے پرہی اكتفاء كرلينا چاہيے ۔

اورخاص كرعورت كےليے توايسا كرنا اوربھی مشكل ہے كيونكہ عورت كومكمل سترہے اسے باپردہ رہنا چاہيے ، اوراس ليے بھی كہ مردوں كے حق ميں بھی دھكم پيل كرنی مشروع نہيں توپھرعورتوں كے حق ميں تويہ زيادہ اولی اوربہتر ہے كہ وہ ايسا نہ كريں ۔

اوراسی طرح عورت كےليے يہ بھی جائزنہيں كہ اگراس كے ليے بغير دھكم پيل كيے بوسہ لينا آسان بھی ہوتوغيرمحرم لوگوں كی موجودگی ميں اس جگہ وہ اپنا چہرہ ننگا كرے ۔ .